مرتد قرار دیتے ہیں اور کسی ایسے ہسپتال کو جو اسقاط کی سہولت فراہم کرتا ہے یا اپنے مریضوں کے سامنے اسقاط کے لفظ کا ذکر کرتا ہے' اس کو وفاقی حکومت کی امداد دینے سے انکار کرتے ہیں۔ وہ پاکستان کے نصاب تعلیم سے اسلام کو خارج کرنا چاہتے ہیں لیکن امریکا کے سرکاری اسکولوں میں ازسرنو مذہبی دعا کے آغاز کے لیے دستوری ترمیم چاہتے ہیں۔ کیا دورنگی ہے! آج کے ری پبلکن امریکا کی بی جے پی بن چکے ہیں' بلکہ اس سے بھی بدتر' کیونکہ واجپائی ایک مانا ہوا شاعر ہے اور درست انگریزی بول سکتا ہے!

اطلاع عام

نہایت افسوس کے ساتھ اعلان کیا جاتا ہے کہ ادارہ ترجمان القرآن نے حال ہی میں جو ترجمۂ قرآن' مع مختصر حواشی کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن ۲۱ رجب المرجب ۱۴۲۵ھ' ستمبر ۲۰۰۴ء شائع کیا ہے' اس میں صفحہ ۱۲۷۲ پر پہلی سطر میں آیت نمبر ۳ سہواً غلط طبع ہوگئی ہے۔

اس صفحے کو تصحیح کر کے ہم نے دوبارہ شائع کیا ہے اور جن تاجرانِ کتب کو پہلے یہ ترجمۂ قرآن فراہم کیا گیا تھا انھیں مناسب تعداد میں یہ صفحہ فراہم کر دیا ہے۔

گزارش ہے کہ جن افراد نے یہ قرآن جہاں سے حاصل کیا تھا وہاں سے یہ صفحہ حاصل کر کے اپنے پاس موجود قرآن میں تبدیل کرلیں۔ جن حضرات کو دوبارہ رابطہ کرنے میں دِقت ہو وہ ہمیں براہ راست خط' فون یا ای میل کسی بھی ذریعے سے اپنے پتے سے مطلع کر دیں تو ہم یہ صفحہ انھیں بذریعہ ڈاک ارسال کر دیں گے۔

جن حضرات وخواتین نے مذکورہ قرآن حاصل کیا ہے ہم ان سب سے فرداً فرداً معذرت خواہ ہیں اور اللہ کے حضور دل کی گہرائیوں سے دست بدعا ہیں کہ وہ اس سہو اور کوتاہی کو معاف فرمائے۔

سید خالد فاروق مودودی
چیف ایگزیکٹو

ادارہ ترجمان القرآن (پرائیویٹ) لمیٹڈ

رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور۔ فون: 7234014-7236665

ای۔میل: idaratarjuman@yahoo.com